NYC Department of Education

نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية / এই নথি বা ডক্যুমেন্টটি বাংলায় দেখুন /
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen /
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں / Перевод документа на русский язык /
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

11 اپریل، 2022

خاندانوں کے لیے یہ تجدید موسمِ گرما 2022 میں تعلیم اور تعلیمی تقویتی مواقع کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتی ہے، اور یہ کہ نیو یارک شہر اسکول سروے کو 15 اپریل سے پہلے مکمل کرکے آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کو اہم تبصرات فراہم کرسکتے ہیں۔

مندرجات:

- **سمر رائزینگ 2022: کنڈرگارٹن تا گریڈ 8**
    - سمر رائزینگ جائزہ:
    - درخواست کس طرح دیں
    - انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور 504 منصوبے رکھنے والے طلبا
- **گرمیوں میں پروگرامنگ گریڈز 9 اور اوپر کے گریڈز**
    - تعلیمی بحالی
    - کالج اور طرزِ معاش کی منصوبہ بندی
- **نیو یارک شہر اسکول سروے**
    - توسیع کردہ آخری تاریخ

سمر رائزینگ 2022: کنڈرگارٹن تا گریڈ 8

سمر رائزینگ جائزہ:

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) اور نیویارک شہر محکمئہ نوجوانان اور اجتمائی فروغ دہی پروگرامز (DYCD) کے مابین شراکت، **سمر رائزنگ** الیمنٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کو پُرلطف، ثقافتی طور پر ہم آہنگ، عملی تجربات سے مربوط کرے گا جو انکی تعلیمی، سماجی اور جذباتی صلاحیتوں کو مستحکم کریں گے۔

سمر رائزنگ **مفت** ہے اور نیویارک شہر کے کسی بھی موجودہ طالب علم کے لیے کھلا ہے جو کنڈرگارٹن تا گریڈ 8 میں ہے۔ نشستیں محدود ہیں، اسلئے ہم خاندانوں کی حوصلہ افزائی کریں گے کہ وہ اپنے ترجیحی مقام پر ایک نشست محفوظ کرنے کے لیے جلدی درخواست دیں۔ وہ طلبا جنہیں انکے اسکول کی جانب سے گرمیوں میں شرکت کرنا مطلوب ہے انہیں ایک نشست کی ضمانت ہے۔ پروگرام **5 جولائی** کو شروع ہوگا اور **پیر تا جمعہ، صبح 8:00 بجے تا شام 6:00 بجے** جولائی اور اگست کے مہینوں میں منعقد ہوگا۔ طلبا کو مفت ناشتہ اور دوپہر کا کھانا (لنچ) فراہم کیا جائے گا، سہ پہر میں درخواست کرنے پر اسنیکس دستیاب ہونگے۔ سمر رائزنگ تمام طلبا کے لیے چھ ہفتوں کے لیے دستیاب ہوگا، بمع گریڈز K–5 طلبا کے لیے ایک تعلیمی تقویت کے ساتویں ہفتے کے۔ nyc.gov/SummerRising پر مزید جانیں۔

درخواست کس طرح دیں

25 اپریل سے شروع، آپ اپنے بچے کا اندراج کروانے کے لیے سمر رائزینگ کی درخواست nyc.gov/SummerRising پر جمع کروا سکتے ہیں۔

درخواست میں آپکے طالب علم کے 9 اکائی آئی ڈی نمبر کا پوچھا جائے گا، جو اگر آپکو معلوم نہیں ہے تو آپ اپنے اسکول سے لے سکتے ہیں۔

آپ کسی بھی سمر رائزینگ مقام کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جس میں آپکے بچے کی گریڈ سطح کے لیے نشستیں دستیاب ہیں۔ اپنی ترجیحی تقرری کو یقینی بنانے کے لیے آپکو جتنی جلد ممکن ہو درخواست دینی چاہیئے۔ اندراج کروانے کے فوراً بعد، آپ اپنی نشست کی تصدیق کی ای میل موصول کریں گے۔ اگر متعدد طلبا کا اندراج کروا رہے ہیں، براہِ مہربانی توجہ کریں کہ آپکو ہر ایک کے لیے علحیدہ درخواست جمع کروانی لازمی ہے۔

اگر آپکے سوالات ہیں یا درخواست میں مدد درکار ہے، اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں یا summer@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور 504 منصوبے رکھنے والے طلبا

12 مہینہ / توسیعی سال (ESY) پروگرامز: وہ طلبا جو 12 ماہ / توسیعی تعلیمی سال (ESY ، خاص کلاس یا ASD Nest یا ہرائزن پروگرامز میں شرکت کرتے ہیں وہ انکے IEP پر مجوزہ پروگرام اور خدمات ایک توسیعی تعلیمی سال (ESY)، ضلع 75 یا گرمیوں کے پروگرام کے مقام پر موصول کریں گے۔ والدین اپنے بچوں کا توسیعی دن تقویتی تعلیمی سرگرمیوں میں بھی اندراج کرواسکیں گے۔ ہم ان خاندانوں کے ساتھ ان کی ترجیحات کے لیے مزید معلومات کے ساتھ رابطہ کریں گے۔

سہولیات: وہ طلبا جنہیں سمر رائزینگ میں شرکت کے لیے معاونتیں مطلوب ہیں، جیسے معاون پیشہ وران یا نرس، وہ انہیں اپنی انفرادی ضروریات کے مطابق موصول کریں گے۔

گرمیوں میں پروگرامنگ گریڈز 9 اور اوپر کے گریڈز

تعلیمی بحالی

ہائی اسکولز بھی سندیافتگی کے مطلوبات، تعلیمی سرعت، اور کالج کی تیاری میں معاونت کے لیے لچکدار گرمیوں کے شیڈول تیار کریں گے۔ طلبا کو سابقہ فیل ہوئے کورسز کی تلافی کا موقع ملے گا، تعلیمی اور سماجی جذباتی اعانت کے ساتھ جو بڑی عمر کے طلبا کی یگانہ ضروریات کی تکیمل کے لیے تشکیل دی گئی ہیں۔ ہائی اسکول طلبا کو سمر پروگرامنگ میں اندراج کروانے کا طریق کار K–8 سمر رائیزنگ پروگرام سے مختلف ہے اور آپکے بچے کے اسکول کے ذریعے منظم کیا جاتا ہے۔

کالج اور طرزِ معاش کی منصوبہ بندی

اس موسمِ گرما میں، ہائی اسکول طلبا کو ایک ریکارڈ 100,000 موسم گرما کے مواقع میں حصہ لینے کا موقع ملے گا جو ایسے پروگراموں جیسے موسمِ گرما میں نوجوانوں کے لیے ملازمت پروگرام اور کالج ناؤ کے ذریعے کالج اور طرزمعاش کی راہوں میں معاونت کرتے ہیں۔

موسمِ گرما میں نوجوانوں کے لیے ملازمت پروگرام (SYEP): فی الوقت ہائی اسکول کے طلبا SYEP کے ذریعے گرمیوں میں کام اور طرزِ معاش کے فروغ کے مواقع کی تحقیق کرسکتے ہیں، نیویارک شہر کے 14 سے 24 سالہ نوجوانوں کے لیے کھلا ہے۔

SYEP میں حصہ لینے والے طلبا اپنی دلچسپیوں اور طرز معاش کی راہیں تلاش کرتے ہیں، جائے ملازمت کی صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں اور تعلیمی تجربات میں سرگرم ہوتے ہیں جو انکی سماجی، شہری اور قائدانہ صلاحیتوں کو افزودہ کرتے ہیں —یہ سب اور ساتھ میں ایک آمدنی بھی کماتے ہیں۔

طلبا application.nycsyep.com پر مزید جان سکتے ہیں اور 12 اپریل تک ایک درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔

سمر ڈیزائن انسٹیٹیوٹ: وہ طلبا جو اپنے پورٹ فولیو کے لیے طرزمعاش سے متعلقہ پروجیکٹس ڈیزائن اور تخلیق کرنا چاہتے ہیں اور ساتھ ہی اشتہار بازی، بصری فنون، ڈجیٹل ڈیزائن، ویب ڈیولپمنٹ، انجنئرنگ، روبوٹکس، اور آرکیٹیکچر جیسے شعبوں میں پیشہ ورانہ صلاحیتیں پیدا کرنا چاہتے ہیں انکی طرزِ معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE) کی موسمِ گرما کی تین ہب سائٹس میں سے ایک میں درخواست دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ وہ طلبا جو پروگرام پروجیکٹ مکمل کرلیں گے وہ وظیفے کے اہل ہونگے۔ CTE اور غیر CTE طلبا کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے ذیل پر سائن اپ کریں: tinyurl.com/SDI2022CTE

نیکسٹ اسٹیپس مشاورت: ہائی اسکول طلبا نیکسٹ اسٹیپس ٹیکسٹ کے لیے schools.nyc.gov/choosing-the-right-path پر سائن اپ کرسکتے ہیں ایسے پیغامات موصول کرنے کے لیے جو انکی منصوبہ بندی اور اپنے مستقبل کے حصول میں مدد کریں گے۔ ٹیکسٹ میں نوجوانوں کی ملازمت کے مواقع، وظائف کی معلومات، ورکشاپس تک رسائی کے لنکس شامل ہونگے اور آخری تواریخ کی یاددہانیاں بھی۔ مزید معاونت کے لیے، نیکسٹ اسٹیپس طلبا کو مفت، اسکول کے بعد اور ہفتہ اتوار کو ماہر مشیروں کے ساتھ ایک سے ایک ورچؤل ملاقاتوں کے لیے رابطہ فراہم کرسکتا ہے۔

وہ طلبا جو 2022 میں سندیافتہ ہورہے ہیں نیکسٹ اسٹیپس ٹیکسٹ کو اپنے کالج اور طرزمعاش برج کوچ سے رابطے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں، ایک موجودہ کالج طالب علم جو حالیہ سندیافتگان کو ہائی اسکول اور انکے کالج اور طرزمعاش کی راہوں کے مابین منتقلی کے لیے اگلے مراحل میں مدد کرنے کے لیے تربیت یافتہ ہے۔ schools.nyc.gov/choosing-the-right-path پر مزید جانیں۔

CUNY کالج ناؤ

2022 گرمیوں کے سمسٹر کے لیے، CUNY کالج ناؤ آن لائن، مخلوط اور خود موجودگی میں کورسز کا ایک امتزاج پیش کرے گا جو ستمبر 2022 میں گریڈز 11 اور 12 میں داخل ہونے والے نیویارک شہر پبلک ہائی اسکول طلبا کے لیے کھلا ہے۔ شرکت مفت ہے۔ مزید معلومات کے لیے k16.cuny.edu/collegenow/summer-programs پر جائیں۔

نیو یارک شہر اسکول سروے

توسیع کردہ آخری تاریخ: 15 اپریل

اگر آپ نے اپنا نیو یارک شہر اسکول سروے پہلے ہی مکمل نہیں کرلیا ہے، اب آپ کے پاس ایسا کرنے کے لیے **15 اپریل** تک کا موقع ہے۔
NYCSchoolSurvey.org پر جائیں یا اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) کے لیے schoolsaccount.nyc پر لاگ اِن کریں **اپنے تبصرات فراہم کرنے اور اسکول قائدین** کی آپکے بچے کے اسکول کو تعلیم حاصل کرنے کی ایک بہتر جگہ بنانے کے لیے۔